


# پاکستان کپ ویمنز ایک روزہ ٹورنامنٹ، چیلنجرز نے ڈائنامائٹس کو 7 رنز سے ہرادیا، فائنل انہی دونوں کے درمیان 4 جون کو ہوگا

**کراچی 2 جون، 2023**

چیلنجرز نے پاکستان کپ ویمنز ایک روزہ کرکٹ ٹورنامنٹ کے چھٹے اور آخری لیگ میچ میں ڈائنامائٹس کو 7 رنز سے شکست دیدی۔

یہ اس ٹورنامنٹ میں ڈائنامائٹس کی پہلی شکست ہے جبکہ چیلنجرز نے اپنا دوسرا میچ جیتا ہے۔اس نے گزشتہ میچ میں بلاسٹرز کو شکست دی تھی۔

ٹورنامنٹ کا فائنل 4 جون کو ڈائنامائٹس اور چیلنجرز کے درمیان کھیلا جائے گا۔

جمعہ کے روز اسٹیٹ بینک گراؤنڈ میں کھیلے گئے آخری لیگ میچ میں ڈائنامائٹس کی کپتان سدرہ امین نے ٹاس جیت کر پہلے فیلڈنگ کا فیصلہ کیا۔

چیلنجرز نے مقررہ 45 اوورز میں 7 وکٹوں کے نقصان پر 160 رنز بنائے۔
جواب میں ڈائنامائٹس کی ٹیم 40 اعشاریہ 3 اوورز میں 153 رنز بنا کر آؤٹ ہوگئی۔

چیلنجرز کی اننگز کی خاص بات جویریہ خان کی عمدہ بیٹنگ تھی جنہوں نے 126 گیندوں پر 83 رنز اسکور کیے جس میں چھ چوکے شامل تھے۔

چیلنجرز کی اننگز میں دوسرا بڑا اسکور فریحہ محمود کا رہا جنہوں نے دو چوکوں کی مدد سے 29 رنز اسکور کیے۔

ڈائنامائٹس کی طرف سے نشرہ سندھو نے 25 رنز دے کر دو وکٹیں حاصل کیں۔

ڈائنامائٹس کی اننگز میں عالیہ ریاض نے عمدہ بیٹنگ کرتے ہوئے 76 گیندوں پر 4 چوکوں اور 3 چھکوں کی مدد سے 61 رنز بنائے۔

کپتان سدرہ امین نے سات چوکوں کی مدد سے 36 رنز کی اننگز کھیلی لیکن بقیہ بیٹسمین قابل ذکر کارکردگی دکھانے میں کامیاب نہ ہو سکیں۔

عالیہ ریاض کی اپنی ٹیم کو جتوانے کی کوششیں بارآور ثابت نہ ہو سکیں۔

ڈائنامائٹس کی آخری آٹھ وکٹیں اسکور میں صرف 79 رنز کا اضافہ کر پائیں۔

چیلنجرز کی طرف سے صائمہ ملک اور نورین یعقوب نے تین تین وکٹیں حاصل کیں۔

مختصر اسکور۔

چیلنجرز۔ 160 رنز 7 کھلاڑی آؤٹ (45 اوورز) جویریہ خان 83۔ فریحہ محمود 29۔ نشرہ سندھو 25/2 وکٹ۔

ڈائنامائٹس۔ 153 رنز آل آؤٹ۔ (40 اعشاریہ 3 اوورز)۔ عالیہ ریاض 61۔ سدرہ امین 36۔ نورین یعقوب 21/3 وکٹ۔ صائمہ 29/3 وکٹ۔

-ENDS-

Media contact:

**Media and Communications Department**
P: +92 (0) 42 111 227 777
E: pcb.media@pcb.com.pk

Commercial Partners

Broadcast & Live Streaming Partners

Pathway Cricket Programme

PCB Headquarters
Gaddafi Stadium, Ferozepur Road Lahore, Pakistan, PO Box 54000
Tel: +92 42 35717231-4

pcb.com.pk /PakistanCricketBoard /TheRealPCB /TheRealPCB /PakistanCricketOfficial